© rasailojaraid.com

# تعارف وتبصرہ

مبصر: ح: ح

تبصرے کے لیے کتاب کے دونسخوں کا ارسال کرنا ضروری ہے۔ پمفلٹ نما کتابچوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ ـــــ (ادارہ)

**مجموعۂ صلاۃ وسلام**، مولف: مولانا لیاقت علی شاہ نقشبندی، ضخامت: ۴۶۴ صفحات: ، قیمت: درج نہیں، ناشر: مکتبہ غفوریہ، نزد جامعہ اسلامیہ، روشیہ سندھی مسلم سوسائٹی کراچی۔

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، یہ کتاب درود وسلام سے متعلق ہے۔ ابتداء میں مولف نے درود شریف کے فضائل پر ایک خوب صورت اور جان دار مقدمہ تحریر کیا ہے۔ اس کے بعد احادیث مبارکہ اور اکابرین امت کی مستند کتابوں سے درود کے مختلف صیغوں کو نقل کر کے، ان کے فضائل و آداب کو شرعی نقطہ نظر سے واضح کیا ہے۔ ترغیب وتشویق کے لیے جا بجا اکابرین اور اسلاف امت کے واقعات ومعمولات بھی ذکر کیے گئے ہیں، جنھیں پڑھ کر عمل کا جذبہ اور شوق پیدا ہوتا ہے۔ ایک مخصوص فرقہ نے درود وسلام کے من گھڑت اور خودساختہ صیغے اختراع کیے ہیں۔ مولف نے بڑی جگر کاوی سے فقہ وفتاوی کی معتبر ومتاول کتابوں سے استفادہ کر کے درود وسلام کے خودساختہ صیغوں کی حقیقت بے نقاب کی ہے۔

فضائل یا ترغیب وترہیب سے متعلق اردو میں جتنی نگارشات معرض وجود میں آئی ہیں، ان میں عموماً تحقیق وتدقیق سے پہلوتہی کی جاتی ہے، حوالہ جات کا کما حقہ التزام نہیں کیا جاتا، اس سلسلے میں مولف نے خوب داد تحقیق دی ہے۔ ہر بات حوالہ کے ساتھ نقل کر کے اس کے مراجع ومصادر کی نشان دہی کی ہے۔

مختصراً یہ کہ درود وسلام سے متعلق جس قدر کتابیں شائع ہوئی ہیں، اس سلسلے میں ہمارے اکابرین اور اسلاف امت کے اقوال اور ان کے جو معمولات وواقعات مختلف کتب میں بکھرے ہوئے ہیں، زیر نظر کتاب میں موقع محل کی مناسبت سے ان سب کا انتخاب پیش کیا گیا ہے۔ کتاب میں جا بجا روح پرور مناظر کی دلنواز تصویری جھلکیاں بھی دی گئی ہیں اور آخر عربی (مترجم)، فارسی (مترجم) اور اردو نعتوں کے انتخاب بھی شامل کیا گیا ہے۔

**مسنون دعائیں**، مولف: مولانا لیاقت علی شاہ نقشبندی، ضخامت: ۵۱۱ صفحات، قیمت: درج نہیں، ناشر: مکتبہ غفوریہ، کراچی

زیر نظر کتاب میں مؤلف نے مختلف اوقات اور ضروریات، ذہنی پریشانیوں اور جسمانی امراض کے لیے قرآن وحدیث میں وارد مسنون دعائیں یکجا کر دی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے نکلے ہوئے جو الفاظِ دعاء کتب حدیث میں منقول ہیں، وہ مختصر ہونے کے باوجود اس قدر جامع اور موثر ہیں کہ ایک تو ان میں کسی انسان کو لاحق ہونے والی جائز ضروریات وحاجات کا مکمل احاطہ ہوا ہے، دوسرے یہ کہ مسنون الفاظ میں دعا مانگنے سے قبولیت کے آثار ضرور ظاہر ہو جاتے ہیں۔ مؤلف مولانا لیاقت علی شاہ نقشبندی نے ایسی مبارک اور مسنون دعائیں بڑی محنت اور عرق ریزی سے قرآن وحدیث اور دیگر مستند کتابوں سے منتخب کر کے جمع کر دی ہیں۔ ہر دعا کے نیچے اس کے مراجع اور صفحات کی نشاندہی کے ساتھ ترجمہ بھی کر دیا گیا ہے۔ ہمارے پاس تبصرہ کے لیے "مسنون دعائیں" کے دو نسخے ارسال کیے گئے ہیں۔ ایک کتابی سائز میں ہے اور دوسرا جیبی سائز میں۔ دونوں کی


© rasailojaraid.com